
# خداوند کی واپسی

# مسیح کی دوسری آمد



## PASTOR TONY SMITS


## اِن نوٹس کے حقوق محفوظ ہیں

دیئے گئے نوٹس تحقیق، تنقید، یا اظہارِ رائے کیلئے ہیں، یہ پرائیوٹ تعلیمی مقاصد کیلئے ہیں، ان کو بغیر اجازت کے پرنٹ کرنا جرم ہے۔ کیونکہ ان کے حقوق محفوظ ہیں۔




(مترجم۔ پادری حنیف مسیح فیصل آباد)

# فہرستِ مضامین


## تعارف

1 خداوند کی آمد کی نشانیاں

2 مسیح ہوا میں دیکھائی دیگا

3 مسیح زمین پر کھڑا ہو گا

4 مسیح زمین پر بادشاہی کرے گا

5 مسیح عدالت کرے گا

6 امتحانی پرچہ جات

# تعارف

جیسا کہ ہم خداوند کی واپسی کا مطالعہ کررہے ہیں آئیں اس بڑی اور اہم سچائی کو آج جس دور میں ہم رہتے ہیں اس کے مطابق جانیں

بائبل میں مسیح کی دوسری آمد کا عقیدہ نہایت اہمیت کا حامل ہے۔

- صرف نئے عہدنامے میں 300 حوالہ جات خداوند واپسی کے دیے گئے ہیں
- یہ تقریباً ہر 25 آیات کے بعد ایک بار آیا ہے
- کفارے کے ساتھ دوسری آمد بھی دوبار بیان کی گئی ہے۔

اس مضبوط گواہی کے تناظر میں پوری بائبل اس کی آمد کا بیان کرتی ہے۔ اور اس کے وعدے کی تصدیق کرتی ہے۔ اگر وہ نہیں آتا تو خدا کا کلام جھوٹا ٹھہرتا ہے۔ اور انسانی منزل بے سود ہو جاتی ہے۔ اور خدا کے جلال کا انکار ہوگا۔ جہان کی بنیادیں ختم ہو جائیں گی۔ مرقس 13/13

ہم اپنے مضمون کو درجہ ذیل عنوانات سے سمجھیں

- مسیح کی آمد کی نشانیاں
- مسیح ہوا میں دیکھائی دیگا
- مسیح زمین پر کھڑا ہوگا
- مسیح زمین پر بادشاہی کرے گا
- مسیح عدالت کرے گا

# 1 خداوند کی آمد کی نشانیاں


1 تھسلنیکیوں 5/1-6 میں ہمیں بتایا گیا ہے۔ کی خداوند کی آمد دنیا میں ایسے ہوگی جیسے رات کو چور آتا ہے۔ ہمیں ایماندار ہونے کے ناتے وقت اور دور کا پتہ ہونا چاہیے۔ اور اس بارے ہمیں غیر واقف نہیں ہونا چاہیے۔

نوح کے آیام میں، دنیا کو اچانک حیرانی ہوئی۔ جب بارش آئی اور زمین کے سوتے پھوٹ نکلے۔ لیکن نوح اور اسکے خاندان کے لئے یہ بالکل حیران کن نہ تھا

ہم جانتے ہیں کی دنیا کا آخر بہت قریب آگیا ہے۔ ہم اسے دو پہلوؤں سے دیکھیں گے

## 1.1 ہمارے اردگرد فطرت پر ہونے والے اثرات، جیسا کہ

- آبادی کا دھماکہ
- خوراک کی کمی
- زمین پر اور فضا میں آلودگی




## 1.2 بائبلی نبوتیں جن سے روح القدس ہمیں بتاتا ہے کہ مسیح بہت جلد آنے والے ہیں

- علم کے بہت زیادہ بڑھ جانے کی نشانی — دانی ایل 12/4
- جدید تیز سفری سہولت کی نشانی — دانی ایل 12/4
- بھونچال کی نشانیاں — لوقا 21/11

- شادمانی کے جنون کی نشانی — 2 تیمتھیس 3/4
- مذہبی فارمیلیٹی کی نشانی — 2 تیمتھیس 3/5
- نیم گرم اور روائتی ہونے کی نشانی — مکاشفہ 3/14-21
- روح القدس کے نزول کی نشانی — یوئیل 2/28-29
- انجیر کے درخت کا پتیاں نکالنے کی نشانی — متی 24/32

## یہ چارٹ دنیا کی آبادی کی بڑھوتری سن صفر سے سن 2050 تک

| سال | لوگ |
|---|---|
| 0 | 200ملین |
| 1000 | 275ملین |
| 1500 | 450ملین |
| 1750 | 700ملین |
| 1850 | 1.2بلین |
| 1900 | 1.6بلین |
| 1950 | 2.55بلین |
| 1955 | 2.8بلین |
| 1960 | 3بلین |
| 1965 | 3.3بلین |
| 1970 | 3.7بلین |
| 1975 | 4بلین |
| 1980 | 4.5بلین |
| 1985 | 4.85بلین |
| 1990 | 5.3بلین |
| 1995 | 5.7بلین |
| 1999 | 6بلین |
| 2005 | 6.5بلین |
| 2010 | 6.8بلین |
| 2025 | 7.9بلین |
| 2050 | 9.3بلین |

## 1.3 دوسری آمد کے بارے آگاہی


مرقس 13/34-37 میں ہمیں ایک تمثیل ملتی ہے۔ جو خداوند نے بیان کی ہے جس میں خداوند نے ایک لفظ پر زور دیا ہے۔ دیکھو،
اس کی طرف ہماری توجہ کو بھی کھینچا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں مرقس میں ہمیں دو بار خبردار کیا گیا ہے

- ☆ یسوع اپنے شاگردوں سے کہتا ہے۔ دیکھو، یروشلیم کا گرنا
- ☆ یسوع اپنے شاگردوں سے کہتا ہے۔ دیکھو، دنیا کا آخر

متی 24، مرقس 13، اور لوقا 21 کا موازنہ اس مضمون کو واضح کرتا ہے۔

### خدا کا عظیم ہفتہ

2 پطرس 3/8




یشوع 3:2-4، 14-16

### درجات کے لحاظ سے

| | | | |
|---|---|---|---|
| آیت نمبر | 3 | عہد کا صندوق | یسوع نے کہا |
| آیت نمبر | 14 | یردن | موت اور قیامت |
| آیت نمبر | 15 | کٹائی | فصل کی آخری کٹائی یشوع 5/7 |

آیت نمبر 16 جگہ کو آدم شخص کو بھی آدم کہ


نوٹ آیت نمبر 4

تاہم اس کے اور آپ کے درمیان ایک بڑا اخلا ہوگا، دو ہزار کیوبک کے معنی یہی ہیں۔ اس کے قریب نہ آنا۔ کیونکہ تم جانتے ہو تمہیں کس راہ سے جانا ہے۔ کیونکہ تم اس سے پہلے اس سے نہیں گزرے۔

کیوبک کا لفظ سال کو بیان کرتا ہے۔


نوٹ 2000

# ہیکل







چراغ دان




قربان گاہ



پاک روٹی کا میز

1 کرنتھیوں 10/1-13




## جب زیتون کے پودے میں نئی کونپلیں آئیں

متی 24/32

یہودیوں کے لئے خاص تاریخیں

سنہ 1917 عیسوی — یروشیلم ترکی سے آزاد ہوتا ہے۔

1948 عیسوی — اقوامِ متحدہ اسرائیل کو ایک قوم کہتا ہے

1967 عیسوی چھے دن کی جنگ زمین کا واپس ملنا

رومی معہدے کے تحت ان کو متحدہ کاروبار کا حق ملا


مسیحی بیداری کی ابتدا

بہت سارے 1967 میں ایمان لائے اور آخری نسل کا حصہ بنے متی 24/34

قابل عمل بنائیں 30 سے 70 یروشلیم کی تباہی

1967 خداوند کی واپسی

# اسرائیل کی تاریخ




# اولیوٹ اظہار خیال

| | متی 24 | مرقس 13 | لوقا 21 |
|---|---|---|---|
| نبوت کی بنیاد پر | آیت 3-4 | آیت 4 | آیت 6-7 |
| 30 سے 70 اعمال | آیت 4-8 | آیت 5-13 | آیت 8-11 |
| پورے دور میں | آیت 9-14 | آیت 5-13 | آیت 8-19 |
| 70 میں یروشیلم | آیت 15-20 | آیت 14-19 | آیت 20-24a |
| بڑی تکلیفیں | آیت 21-22 | آیت 20 | آیت 24b-26 |
| 70 سے آخر تک | | | |
| دوسری آمد | آیت 23-31 | آیت 21-27 | آیت 27 |

نوٹ

| | | | |
|---|---|---|---|
| متی کہتا ہے | بڑی تکلیفیں | 70 عیسوی | سے |
| مرقس کہتا ہے | آمائشیں | دوسری آمد | |
| لوقا کہتا ہے | زمیں پر افسوس | اور یہود پر غضب | |

کیونکہ 70 میں صرف ایماندار ہی بچے تھے، اسی طرح خدا کے غضب مسیح کی واپسی پر ایماندار ہی بچیں گے۔




The Mount of Olives
From a house-top on Mt. Zion

1.4 
# نظریات کا ایک مجموعہ

خداوند کی آمد کے بارے میں بہت سے خیالات ہیں کہ وہ کب اور کیسے آئے گا۔ تاہم سارے خیالات اس بات پر متفق ہیں کہ وہ پورے جلال اور قوت کے ساتھ آنے والا ہے۔ لیکن اس کی آمد کے وقت اور طریقہ پر خاصہ فرق ہے۔ اس مضمون کو سمجھنے کے لئے ہمارے پاس نوٹس کے دو سیٹ موجود ہیں

ایک ہزار سالہ عرصہ
مسیح کی بادشاہی





(a) متنازع سوال جواب، یہ متعلقہ کتاب کے حوالے سے کسی بھی بیان کو مزید سادہ اور مختصر بنا دیتا ہے۔

(b) نبیوں کے خیالات کو کمپیر کرنا، یہ ہمیں مختلف خیالات کا مطالعہ دیتا ہے۔ اور ایک موازنہ اور ٹھوس دلیل مہیا کرتا ہے۔
اس کو جاننا نہایت ضروری ہے۔

<u>پہلے</u> ہمیں اس بات کے لئے تیار رہنا چاہیے کہ ہم اس کا استقبال کریں لیکن ہم میں سے کوئی نہیں جانتا کہ ہم یہاں ہونگے یا نہیں

<u>دوسرے</u> ہمیں ہر نبوت کو تھامے رکھنا ہے۔ پوری قوت سے تھامے رکھنا، کیونکہ اب ہمیں آئینہ میں دھندلا نظر آتا ہے اس وقت روبرو دیکھیں گے۔ 1 کرنتھیوں 13/12

آئیں صحیفہ جات کو لیں اور ان کا موازنہ کریں تاکہ ہمارا ایمان بڑھے۔ 1 تھسلنیکیوں 2/13 اور مکاشفہ 1/3




## تاریخی نظریہ جو سکالرز نے سیٹ کیا

وکلف

لوتھر

کیلون

لیتیمر

نوکس

سر نیوٹن آئزک

بونیان

بشپ جے سی رائیل

بشپ ورڈورتھ

جان ویزلی

ڈاکٹر ہڈسن ٹیلر

فینی

موڈی


سپرجن

ڈینڈیل ینگ


ڈاکٹر ایف بی میئر


بشپ بریکس

# دوراندیشی نظریہ




# تاریخی نظریہ






کلیسیاء کی آزمائش
یوحنا16/2,33 2 تھسلنیکیوں 3/12
مکاشفہ1/9 اور 7/14,20/42/10
تاریخی
یہودیوں کی آزمائش
متی 24/17-21
دوسری آمد
پہلی قیامت
کلیسیاء کی آزمائش
دیدنی آمد
عظیم سفید تخت
70 AD
7 مہریں
7 نرسنگے
7 بھید
1000 سال
مکاشفہ 2/10 پچھن روم
مکاشفہ 17/6 پے پل روم
اشتراکیوں کی آخری عدالت
دوسری قیامت
پنتکست
538
1260
1798
2 تھسلنیکیوں 2/7
پوشیدہ آمد
دوراندیشی
شادی
آسمان بڑی تیاری
دیدنی آمد
عظیم سفید تخت
پوشیدہ تباہی
انجیلی دور
پہلی قیامت
7 سالہ آزمائشیں
1000 سال
دوسری قیامت
پنتکست
مخالف مسیح
دانی ایل کے 70 ہفتے
دوسری آمد
2 تھسلنیکیوں 2/7
H.S مرضی پوری ہو
عظیم سفید تخت
لیٹررین
پہلی قیامت
خدا کے بیٹے کا ظاہر ہونا
دیدنی آمد
انجیلی دور
3-1/2 سال
1000 سال
پنتکست
دوسری قیامت
آزمائشیں
کلیسیاء بیابان میں
باقی جو آزمائشوں میں شہید ہونگے۔

## 2 مسیح ہوا میں دیکھائی دیگا

یہ بات کلیسیاء کے متعلق ہے۔آئیں اب جانیں کی صحیفہ جات اس کے بارے کیا کہتے ہیں

2.1 مسیح کی واپسی کا طریقہ

(a) اس کی آمد دیدنی ہوگی، ہر آنکھ اُسے دیکھے گی مکاشفہ 1/7 مرقس 13/26



(b) اس کی آمد ذاتی ہوگی یعنی خداوند خود آئیں گے 1 تھسلنیکوں 4/16



(c) اس کی آمد للکار کے ساتھ ہوگی مقرب فرشتہ کی آواز سے یعنی خدا کے نرسنگے سے 1 تھسلنیکوں 4/16

(d) اس کی آمد آسمانی لشکر کے ساتھ ہوگی یعنی اپنے فرشتوں کے ساتھ 2 تھسلنیکیوں 1/17

(e) اس کی آمد بادلوں پر ہوگی آسمان کے بادلوں پر متی 24/30

(F) اس کی آمد طبعی ہوگی جیسے بجلی چمکتی ہے اعمال 1/9-11 لوقا 24/36-43



(g) اس کی آمد جلال اور قوت کے ساتھ ہوگی

مسیح کی واپسی ایسے ہوگی۔ کہ یہ ایک نہایت شاندار نظارہ ہوگا۔ یہ خدا کے قدیم مقصد کی تکمیل ہوگی۔ آمد نرسنگے کے ساتھ ہوگی، اور اس کا ظہور بڑی قوت اور اختیار کے ساتھ ہوگا۔

رسول بڑی حیرانی سے کہتا ہے۔ کیونکہ میری دانست میں اس زمانہ کے دکھ درد اس لائق نہیں کہ اس جلال کے مطابق ہوسکیں جو ہم پر ظاہر ہونے والا ہے۔۔ کیونکہ مخلوقات کمال آرزو سے خدا کے بیٹوں کے ظاہر ہونے کی راہ دیکھتیں ہیں

2.2 پہلی قیامت

پہلی قیامت مستقبل میں نجات کا ایک اہم پہلو ہے۔ جو مسیحوں کی اُمید کی بُنیاد ہے۔ یہ اُمید نہ کبھی ختم کی جاسکتی ہے نہ

ہوگی۔ جب تک ہم للکار اور جلال کے ساتھ خداوند کو آتے نہ دیکھ لیں۔ مردوں کی قیامت مسیح ایمان کا ایک اہم حصہ ہے۔

قیامتیں دو ہونگی۔

- پہلی قیامت میں تمام ایماندار مسیحی شامل ہونگے۔ اور یہ خداوند کی آمد پر ہوگی۔
- دوسری قیامت، ایک ہزار سال بعد ہوگی اور یہ تمام بے ایمانوں کی ہوگی دیکھیں یوحنا 5/28-29 مکاشفہ 20/5-6 دانی ایل 12/2


یہاں پہلی قیامت کے بارے میں چند حقائق ہیں جب مسیح آسمان کے بادلوں میں دیکھائی دے گا

(a) جو مسیح میں موئے ہیں وہ زندہ ہونگے۔ 1 تھسلنیکوں 4/15-16

(b) جو زندہ ہونگے وہ بدل جائیں گے 1 کرنتھیوں 15/51-53 35/49

(c) تمام مسیح کا ہوا میں استقبال کریں گے۔ 1 تھسلنیکوں 4/17

(d) ہم بھی اس کی طرح ہو جائیں گے جیسا وہ ہے۔ 1 یوحنا 3/2




# ایمانداروں کی عدالت

## تین عدالتیں ہونگی

پہلی عدالت مسیح کی آمد پر ایمانداروں کی ہوگی۔




دوسری عدالت ایک ہزار سالہ عرصہ میں خداوند کی بادشاہی کے شروع میں قوموں کی ہوگی



تیسری عدالت تمام بے ایمان لوگوں کی ایک ہزار سالہ کے اختتام پر ہوگی



ہم پہلی قیامت کے بارے میں کچھ حقائق دیکھیں گے۔ جب تمام مسیحی مسیح کے تختِ عدالت کے سامنے ہونگے ۔2 کرنتھیوں 5/9-10



ہماری عدالت اس طرح ہوگی

(a) ذاتی عدالت رومیوں 14/12

(b) تعلقات کی عدالت رومیوں 14/10,13,15 (ہمارے ایسے گناہ جن کی معافی نہ ہوئی ہوگی یا ہمارے برے رویے)

(c) ہماری گفتار کی عدالت متی 12/36-37 افسیوں 4/29,31,32

(d) ایماندار ہونے کی عدالت، متی 25/19 سے آگے۔

(e) ہمارے اندرونی محرکات کی عدالت، 2 کرنتھیوں 5/10 یا ظاہری

(f) ہماری روحانی حالت کی عدالت عبرانیوں 4/11

(g) ہمارے اعمال کی عدالت 2 کرنتھیوں 5/10 برے یا بھلے
1 کرنتھیوں 3/11-15

(h) چرواہوں کی عدالت عبرانیوں 13/17 اپطرس 5/4 یعقوب 3/1

جن مسیحیوں میں تسلسل کی کمی ہوگی مگر ایمان میں جاری رہے ہونگے وہ بھی ہمیشہ کی زندگی پائیں گے۔ لیکن وہ انعام کے کھوجانے سے پریشان ہونگے، اختیار کے کھوجانے سے اور خوشی کے کھوجانے سے۔

کلسیوں 1/23 1 کرنتھیوں 3/9-15

2.3 سزا/جزا

صحیفہ پانچ طرح کے تاج کی بات کرتے ہیں۔ جو ہمیں اپنے خداوند کی خدمت میں ملیں گے۔

(a) زندگی کا تاج یعقوب 1/12 وہ جو آزمائش میں پورا اُتریں گے 1 کرنتھیوں 10/13

(b) بقا کا تاج 1 کرنتھیوں 9/24-27 وہ جو صحیح زندگی گزاریں گے اور اپنے آپ پر کنٹرول کریں گے۔ مرقس 8/34-35

(c) شادمانی کا تاج 1 تھسلنیکیوں 2/19-20 جو ایمانداری سے غلہ چرائیں گے زبور 126/6

(d) راستبازی کا تاج 2 تمتھیس 4/7-8 ان کے واسطے جو خدا کا کام پوری لگن سے کرتے ہیں۔ لوقا 9/62

(e) جلالی تاج 1 پطرس 5/1-4 وہ جو خادم بنے اور ذلت میں بھی خداوند کی خدمت کی لوقا 22/26 مرقس 9/33-35

دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ سب کچھ پہلے سے طے ہے۔ اور آئیں جسطرح پولوس رسول ہمیں ہمت دیتا ہے اس کے مطابق کریں آئیں اس انعام کے تاج کی طرف

بڑھیں فلپیوں 3/13-14

# 3 مسیح زمین پر اترے گا

## 3.1 مسیح زمین پر اترے گا

ہمارے علم کے مطابق مسیح پہلے اپنے فرشتوں اور آسمانی لشکر کے ساتھ آسمان کے بادلوں میں دیکھائی دے پھر ہم جو کلیسیاء ہیں ہوا میں اُڑ کر اس کا استقبال کریں گے۔

اب ہم مزید دوسرے مرحلے کا مطالعہ کرتے ہیں کہ مسیح زیتون کے پہاڑ پر اُترے گا اور دعوی کرے گا کہ یروشیلم دنیا کا مرکز ہوگا، اور وہاں سے وہ اپنے لوگوں کو تمام دنیا سے جمع کرے گا یسعیاء 4-2/1

## A مسیح زمین پر آئے گا

قوموں کے لئے اس کی واپسی کا ایک نشان یہ بھی ہوگا، جبکہ کلیسیاء کے لئے اس نشان ہوا میں آنا ہے۔ یعنی اس کی آمد سے پہلے زمین ایک بڑے انقلاب کا تجربہ کرے گی اور یہ ایک عالم گیر جنگ میں تبدیل ہو جائے گا اور یہ سلسلہ مقرب فرشتے کی للکار تک جاری رہے گا۔

مقرب فرشتے کی للکار سے مسیح کی آمد ہوگی اور ڈرامائی طور پر ایک شدید عمل سے سب کچھ تبدیل ہو جائے گا۔ پوری زمین ہل جائے گی۔ پھر سب کچھ بحال کیا جائے گا دنیا کی سب حکومتیں اور بڑے کردار دور پھینک دیے جائیں گے۔

(a) مسیح کی آمد اپنے فرشتوں اور مقدسوں کے ساتھ ہوگی۔ ایک بڑی جنگ ہوگی جو دوبارہ سے دنیا کو بحال کرنے اور قوموں کو تعمیر کرنے کیلئے ہوگی۔ ایک تیسری جنگ یہودیوں اور عربوں میں ہوگی اس میں مشرق اور مغرب بھی شامل ہونگے۔

ہرمجدون مکاشفہ 16-16/12 مکاشفہ 17-6/12 (وضاحت) یسعیاء 2/12,17-19,21

وجوہات حزقی ایل 38/1-3, 39/1-4,8,11-19

موازنہ کریں حزقی ایل 39/8 کا مکاشفہ 16/17 سے یہ ہو چکا، حزقی ایل 39/17-19 کا

مکاشفہ 19/17-19 سے لوقا 17/37

(b) خدا کا ہر دشمن ذلت پائے گا اور اس طاقتور کے سامنے پیش ہوگا۔ بے ایمان، 2 تھسلنیکیوں 1/7-10 شیطان

مکاشفہ 20/1-3 فوجیں مکاشفہ 19/19-21 گناہ گار 2 تھسلنیکیوں 2/8


## 3.2 مسیح کوہِ زیتون پر اُترے گا

یہ یہودیوں کے لئے نشان ہے کیونکہ وہ مسیح کو دیکھیں گے جب وہ کوہِ زیتون پر ٹھہرے گا اور اس کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کریں گے

(a) جیسے وہ کوہِ زیتون پر سے اٹھا لیا گیا تھا ویسے ہی وہ کوہِ زیتون پر اترے گا اعمال 1/9-11 زکریاہ 14/1-9

(b) یہ یہودیوں کے لئے توبہ کا وقت ہوگا اور خوشی کا موقع ہوگا۔ کیونکہ نبوتیں پوری ہونگی۔ زکریاہ 12/9-14 2/10-13
13-6


متی 23/39 24/30





12 پلیٹ اور ان کی حرکت۔

FIGURE 6-6
Twelve plates and their motions. Triangles along boundaries indicate direction of underthrusting where a downgoing slab can be identified the occurrence of intermediate or deep focus earthquakes. Small arrows on ridge boundaries indicate approximate direction of relative motio
[After D. Forsyth and S. Uyeda, "On the Relative Importance of the Driving Forces of Plate Motion." *Geophys. J.* 43, p. 163, 1975.]








3.3 مسیح یروشیلم میں آئے گا

یہ اسرائیل کے لئے ہوگا۔

(a) اسرائیل کو اکٹھا کرنے، یہودہ اور اسرائیل کو ایک قوم بنانے کے لئے۔ اعمال 1/6

حزقی ایل 37/15-24 یرمیاہ 3/6-20

(b) مسیح کی پوری دنیا میں جو سلطنت قائم ہوئی یروشیلم اس کا مرکز ہوگا۔

یسعیاہ 2/2-4 زکریاہ 14/8-11,16-19 یسعیاہ 33/20-22

یرمیاہ 23-5-8 اور 33/15-17

## 3.4 قوموں کی عدالت

خداوند نے اس دن کے بارے میں بیان کیا ہے کہ جب وہ اپنی آمد پر بادشاہوں کے بادشاہ کے طور پر آئے گا تو زمین کی تمام قوموں کا انصاف کرے گا۔ یہ صرف اُنکا انفرادی انصاف نہ ہوگا بلکہ یہ بین الاقوامی عدالت ہوگی جس کا دائرہ کار اور اختیارات مسیح کی آمد پر پوری زمین پر ہونگے۔ مسیح اپنے جلال کے تخت پر بیٹھے گا جو یہوسفط کی وادی میں ہوگا اور دنیا کی تمام قومیں اس کے سامنے کھڑی ہونگی وہ اسکی سلطنت اسکی عدالت کے سامنے سرتسلیم خم ہونگے۔

اس طرح مسیح دنیا کی تمام حکومتوں کا اختیار اپنے پاس لے لے گا یہاں اُسکی بادشاہی کا آغاز ہوگا پہلا کام وہ یہ کرے گا دنیا کی ساری سرحدیں ختم کرکے اور ہرموجودہ تخت وتاج کو ختم کرے گا۔

(a) یہ ایک عالمی عدالت ہوگی یوایل 3/1-2 11-16 حزقی ایل 34/11-15


(b) مسیح داؤد کے تخت پر بیٹھے گا یسعیاہ 9/7 1 تواریخ 17/12-14

(c) جزا یا سزا کا معیار یہ ہوگا کہ قوموں نے مسیح کے بھائیوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا۔ کچھ لوگ بھائیوں کے بارے مسیحی تصور کرتے ہیں اور کچھ انکو یہودی سمجھتے ہیں

متی 25/31-46

(d) جو بھیڑیں ہونگی وہ اُس کی بادشاہی میں داخل ہونگی اور جو بکریاں ہیں بادشاہی سے باہر ہونگی۔ اور خدا کے عذاب میں رہیں گی جب تک کہ آخری عدالت نہ ہو۔ (v32)

# 3.5 ملینیم کی ترتیت



## 4 مسیح زمین پر بادشاہی کرے گا۔

مکاشفہ کی پہلی سات آیت میں 20 حوالہ جات اور چھ بار یہ بیان کیا گیا ہے کہ مسیح کی یہ بادشاہی کب تک رہے گی، یعنی ایک ہزار سال تک۔ بادشاہی کے اس وقت کو عام طور پر (Millennium) کہا گیا ہے۔ یہ لاطینی لفظ، (Mille) سے لیا گیا ہے جس کے معنی ایک ہزار کے ہیں اور (ANNUM) سال کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

بائبل کی ایک تفسیر بیان کرتی ہے۔ کہ اسرائیل کا ہر ساتواں سال سبت کا سال ہوتا ہے۔ اس لئے دنیا کو سات ہزارواں سال، (آدم کی پیدائش سے لیکر) ساتواں اس کا سبت ہوگا۔ نمبر 10 بھی اہم نمبر ہے جو خدا نے دیا ہے۔ اور تیسری اہم قوت بن گیا ہے۔

### (A) ہزار سالہ عرصہ کا مقصد۔

کوئی اس بارے میں پوچھ سکتا ہے کہ اس ہزار سالہ عرصے کا کیا مقصد ہے کیا یہ حتمی تباہی ہوگی اس کے آخر پر۔ یہاں چند وجوہات بیان کی گئی ہیں

(a) یہ ضروری ہے کہ شیطان کو محرومی کے لئے چھوڑ دیا جائے اور مسیح فتح مندی کے ساتھ بادشاہی کرے۔ 2 کرنتھیوں 4/4 1 کرنتھیوں 15/25

(b) یہ درست اور صحیح بات ہے مسیح جو کئی صدیوں سے زمین پر نفرت اور حقارت سہہ رہا ہے۔ ضرور تھا کہ وہ طاقت کے ساتھ سلطنت کرے اور اس کے ساتھ اس کے لوگ بھی۔ یوحنا 18/36 مکاشفہ 2/27 11/15

(c) یہ اس لئے ہے کہ بزرگ جو زمین پر قید میں پڑے اور بُرا سلوک برداشت کیا ضرور تھا کہ وہ جلال پائیں اور ان کی تعریف ہو، 2 تھسلنیکیوں 1/7-10

(d) یہ ضروری تھا مسیح جو غربت اور ذلت میں پیدا ہوا، اب دولت والوں اور اختیار والوں کے ساتھ ظاہر ہو 2 کرنتھیوں 8/9

(e) یہ آدمی کو ایک موقع دیا جانا ہے کہ وہ، امن میں اور مثالی ماحول میں زندگی گزارے، جہاں اسے ہر ایک چیز کا پورا فائدہ ملے، اسکے اس سُنہری دور میں بغاوت یہ ثابت کردے گی کہ آدمی کے گناہ اس تکلیفوں میں دھکیلتے ہیں نہ کہ وہ مجبوری کی حالت میں گناہ کرتا ہے۔ یرمیاہ 17/9

(f) یہ روح القدس کا ذمانہ ہے۔ (یوحنا 16/7-15) اگلا زمانہ بیٹے کا ہوگا۔ (1 کرنتھیوں 15/25) جو آخر میں سب کچھ باپ کے حوالے کردے گا۔ 1 کرنتھیوں 15/28

## (B) ہزار سالہ عرصے کا شروع

(a) کلیسیا

کلیسیاء مسیح کے ساتھ آسمان پر ہو گی۔ یوحنا 3-14/1 فلپیوں 3/20 1 تھسلنیکیوں 4/17

عبرانیوں 16-11/10,13 اگر چہ بزرگ آسمانی شہر کے رہائشی ہونگے اور انکا گھر آسمان پر

خدا کے شہر میں ہو گا۔ لیکن وہ اپنے اختیار کو زمین پر استعمال کریں گے۔ ان کا اختیا دو حصوں میں ہو گا۔

فرسٹ فرشتوں پر 1 کرنتھیوں 6/2

سیکنڈ دنیا کی قوموں پر مکاشفہ 27-2/26

اُن کا اختیار دیدنی ہو گا اور اُنکی حکومت پوری زمین تک پھیل جائے گی۔ متی 5/5

مکاشفہ 20/6

(b) اسرائیل: جیسا کہ مسیح یسوع اپنے آسمانی باپ کے تخت پر بیٹھا ہے۔ مکاشفہ 3/21

اسی طرح اپنی دوسری آمد پر وہ داؤد کے تخت پر بیٹھے گا اور اس خاندانی تخت کا موجود ہونا ضروری ہے۔

2 سیموئیل 17-7/12 زبور 37-89/20

بزرگ جو غالب آئے ہونگے وہ بھی اسکے ساتھ بادشاہی کریں گے۔ وہ ابتدائی طور پر یعقوب کے گھر پر سلطنت کرے گا جو کہ بارہ قبیلوں کے دوبارہ اکٹھے ہونے سے ہو گا۔

اس لیے ہزار سالہ عرصہ اسرائیل کی بحالی کا عرصہ ہے کیونکہ بارہ قبیلوں کی سلطنت مسیح کی بادشاہی میں دوباہ انکو میراث میں دی جائے گی۔

یسعیاہ 7-9/6 16-11/11 24-33/20 یرمیاہ 19-3/17 20-50/17 حزقی

ایل 28-36/21 ,28-37/12

(c) قومیں: پھر جنگ نہ ہو گی اور سب کو نہتا کر دیا جائے گا یسعیاہ 2/4 میکاہ 4/3

زبور 46/9


خداوند و بزرگ ہر طرح کی بغاوت اور نافرمانی کو نیست کر دیں گے مکاشفہ 2/27

پھر قومیں خدا کی پرستش کریں گی اور راست بازی سے زندگی گزاریں گی یا سزا کے لیے ٹھہریں گی۔

یسعیاہ 60/11-12 زکریاہ 14/16-19

(d) لعنت: ہم پڑھتے ہیں (رومیوں 8/19-23) کہ تمام مخلوقات لعنت کے ماتحت ہیں تو تب ختم کی جائے گی جب مسیح پوری زمین پر بادشاہی کرے گا۔

- درندے اور انسان میں امن قائم ہو گا۔ یسعیاہ 11/6-9
- آدمی کی محنت کا صلہ اسے پورا ملے گا اور کوئی اپنے صحیح حق سے محروم نہ ہو گا۔ یسعیاہ 65/21-23
- ہزار سالہ عرصہ کی سب سے بڑی خوبی عمر میں بڑھوتری ہو گا۔ یسعیاہ 65/20
- تکلیفیں اور بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔ یسعیاہ 35/5-6
- زمین اپنی پیداوار پوری دے گی اور جنگل پھل دار باغات میں تبدیل ہو جائیں گے۔ حزقی ایل 34/26-31، 36/34-35


برا اس تخت پر
مسیح کی دلہن
گناہگار
دریا
جو اس پر زندگی گزارتے ہیں
نجات یافتہ
نئ زمین
درخت
جہنم
نئ زمین

(c) ## ہزار سالہ عرصہ کا عروج:

بجائے اسکے کہ خدا کی نہایت شاندار اور جلالی بادشاہی جس کا کوئی ہم عصر نہ ہو کسی تشنج ذدہ اختتام کو پہنچے بلکہ شیطان اپنی شکست ذدہ قوت کے نکلے گا تا کہ قوموں کو گمراہ کرے۔ بے دینی کی قوتیں (جوج ماجوج) زور پکڑیں گی اور زمین کے چوتھائی حصے کو اپنے ساتھ ملا لیں گی اور خدا کے خلاف اور اسکے لوگوں کے خلاف بغاوت کریں گی۔ مکاشفہ 9-20/7 یہ انسانیت اور شیطان کی آخری جنگ ہو گی جو کہ راست بازی کے خلاف ہو گی۔


خدا کا شیطان کو آزاد چھوڑنے کا کیا مقصد ہے ماسوائے اسکے کہ ہزار سالہ عرصہ کے نتائج دیکھے جائیں۔

اتنی زیادہ صدیوں کی لازمی فرمانبرداری کے بعد قوموں کو یہ موقع دیا جائے گا کہ وہ اپنی مرضی سے اپنا اتحاد چن لے۔ نہ کسی کو شیطان کی فوجوں کے ساتھ ملنے سے روکا جائے گا نہ کسی کو خدا کے لشکر میں شامل ہونے پر مجبور کیا جائے گا۔

یہ بات یہ ظاہر کرتی کہ آدمی کا اپنا گناہ اسکے لیے تکلیف کا باعث بنتا ہے نہ کہ اسکی تکلیفیں اسے گناہ کی طرف راغب کرتی ہیں۔ اور یہ بھی دیکھا جائے گا کہ گناہ بیرونی حالات کی وجہ سے نہیں بلکہ اندرونی برائی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ پھر ہر زبان خاموش ہو جائے گی اور خدا کا انصاف کام کرے گا۔ یسعیاہ 15-1/13

ایک ہزار سالہ عرصہ کا آخر غضبناک عدالت سے ہو گا۔ آسمان سے آگ نازل ہو گی اور خدا کے دشمنوں کو کھا جائے گی۔ ایک دفعہ زمین پانی سے تباہ ہوئی تھی اب آگ سے ہو گی۔ شیطان آگ اور گندھک کی جھیل میں ہمیشہ کے لیے ڈال دیا جائے گا۔ مکاشفہ 15-20/10 2 پطرس 13-3/7

# 5 مسیح عدالت کرے گا




## یہ قیامت درجہ ذیل پر مبنی ہوگی۔

(a) جو پہلی قیامت پر زندہ نہ ہوئے ہونگے۔

اور وہ دنیا کے شروع سے لے کر مسیح کی دوسری آمد تک وہ تمام بے ایمان، ناپاک ہونگے۔

(b) وہ تمام جو ہزار سالہ عرصہ میں زندہ ہونگے یا مر جائیں گے۔

خواہ وہ بے ایمان ہوں یا ایماندار ہزار سالہ عرصہ کے ختم ہونے سے پہلے زندہ کیے جائیں گے اور انکو مسیح کے عظیم سفید تختِ عدالت کے سامنے کھڑا کیا جائے گا جس پر وہ ہمیشہ رہنے والا منصف بیٹھے گا۔

یہ قیامت دوسری قیامت کو بیان کرتی ہے اسکو پہلی قیامت سے الگ کرنے کے لیے جو کہ بزرگوں کی قیامت ہے جو کہ مسیح کی دوسری آمد پر ہوگی۔ مکاشفہ 20/4-6 کے لیے مختلف علامات بائبل میں استعمال کی گی ہیں۔ اسکو ناراستوں کی قیامت کہا گیا ہے۔

- یہ قیامت شرمندگی اور ہمیشہ کی ذلت کیلئے ہوگی۔ دانی ایل 12/2
- یہ قیامت ابدی عذاب کی قیامت ہوگی۔ یوحنا 5/29

یہ ناراستوں کی قیامت ہوگی۔ اعمال 24/15

بعض مقامات پر پتہ چلتا ہے کہ قیامت بدنی ہوگی کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ یسوع نے کہا کہ ان سے نہ ڈرو جو بدن کو مار سکتے ہیں لیکن روح کو نہیں مار سکتے بلکہ تم اس سے ڈرو جو بدن اور روح دونوں کو جہنم میں بھیج سکتا ہے۔

متی 10/28 یوحنا 5/26-29

(b) عظیم سفید تخت:

یہ آخری عدالت کی جگہ ہوگی یہ اپنے جلال کے لحاظ سے عظیم اور پاکیزگی کے لحاظ سے سفید ہوگا مسیح یسوع منصف ہونگے کیونکہ وہ انسانی نسل کے نہایت قریب ہیں۔ اعمال 10-40-42 یوحنا 5/22,26,27

اس عظیم،سفید تخت پر مسیح ان لوگوں کا انصاف کرے گا جو دوسری قیامت میں اٹھائے جائیں گے۔ مکاشفہ 20/12 اور آسمان سے گرا دیئے گئے فرشتوں کا بھی 2 پطرس 2/4 1 کرنتھیوں 6/2-3

وہ جن کے نام برہ کی کتابِ حیات میں ملیں گے (مکاشفہ 20/15) جو مسیح کی آمد پر زندہ کیے جائیں گے اور بزرگ نہ ہونگے۔ اور وہ جو پہلے ہی نجات پا چکے ہونگے اور مسیح کیساتھ ہزار سالہ عرصہ سے رہ رہے ہونگے انکو عدالت کے لیے عظیم سفید تخت کے سامنے پیش ہونے کی ضرورت نہ ہوگی انکو ان نئے لوگوں میں شامل کر دیا جائے گا جن کا نام کتابِ حیات میں ہوگا یہ ہو ہی ہیں جو آخری آرام میں داخل ہونگے۔

(a) جو ہزار سالہ عرصہ میں خوشی سے مسیح یسوع کی بادشاہت کو قبول کرلیں گے اسکے حکموں اور قوانین کو مانے گے اور اسکی پرستش اسکی ہیکل میں کریں گے۔ (زکریاہ 14/16-21) اور اس ہزار سالہ عرصے کی آزمائشوں میں پورا اُتریں گے۔

مکاشفہ 20/7-9

(b) شاید ہزار سالہ عرصہ کے شروع ہونے سے پہلے جنھوں نے سچے خدا کی پرستش اسے جانے بغیر کی انکا انصاف انکے ضمیر کے مطابق ہوگا۔ رومیوں 1/18-20 2/11-16

لیکن یہ بات ابھی تک ایک بھید ہے اور کوئی واضح ثبوت نہیں ملتا کہ جن لوگوں تک انجیل نہیں پہنچی نہ انہوں نے پاکیزہ زندگی گزارنے اور سچے خدا کی پرستش کرنے کا موقع پایا انکا ان انصاف کیسے ہوگا۔

اور جن کے نام کتابِ حیات میں نہ ملیں گے انکا انصاف انکے اعمال کے مطابق ہوگا اور معیار خدا کا کلام ہوگا۔ یوحنا 12/48

رومیوں 12/2

آدمی کے سارے کام خواہ بھلے ہوں خواہ بُرے اسکی کتاب میں لکھے ہونگے۔ ی 12/36-37 مکاشفہ 20/12

جس پر عدالت کی جائے گی اسکے پاس اسکا کوئی جواز نہ ہوگا اور آدمی کی اچھائی یا برائی بالکل صاف طور پر ظاہر ہو جائے گی۔

ایوب 9/3 یسعیاہ 64/6

عدالت اس لیے نہ ہوگی کہ انسان کے کردار کو جانا جائے کیونکہ خدا ہر انسان کے کردار کو پہلے ہی سے جانتا ہے اس لیے کہ وہ اسکے کردار کو آسمانی لشکر کے سامنے ظاہر کرے اور خدا کا انصاف عمل میں آئے اور بُروں کو آگ کی جھیل میں ڈالے۔

رومیوں 2/5-6

اس آخری عدالت میں داخل ہونے کے بعد کوئی تبدیلی نہ ہوگی یہ نا ختم ہونے والا سلسلہ ہوگا بروں کی آخری سٹیج نیچے درجہ ذیل میں دی گئی ہے۔

- ☆ ہمیشہ کی آگ — متی 25/41
- ☆ ہمیشہ کی سزا — متی 25/46
- ☆ رونا اور دانت پیسنا — متی 13/37-42
- ☆ خدا کا غضب — رومیوں 2/5
- ☆ ہمیشہ کی تباہی — 2 تھسلنیکیوں 1/9
- ☆ ہولناک بات — عبرانیوں 10/31
- ☆ قہر کی مے — مکاشفہ 14/10-11
- ☆ دوسری موت — مکاشفہ 21/8

لفظی طور پر یہ سمجھنا مُمکن ہے۔ کہ یہ کس قدر خوفناک ہوگا۔لیکن بروں کی سزا یا آگ جو کچھ بھی معنی ہوں۔اس دن یہ نہایت ہی خوفناک اور قابلِ افسوس ہوگا۔

(C) تمام چیزیں نئی ہونگی

بائبل اس کے بارے زیادہ نہیں کہتی۔ کہ ملینیم کے پیچھے کیا ہے۔مگر اس کے بارے مکاشفہ میں سادہ سا بیان ملتا ہے۔اس کا خلاصہ ایک لفظ میں مل جاتا ہے۔ کہ جو تخت پر بیٹھا ہے ہو کہتا ہے۔

یا درکھو میں سب کچھ نیا بنا دوں گا

## سات نئی چیزیں

| | |
|---|---|
| نیا آسمان | مکاشفہ 21/1 |
| نئی زمین | مکاشفہ 21/1 |
| نئے لوگ | مکاشفہ 21/3-8 |
| نیا یروشلیم | مکاشفہ 21/9-21 |
| نئی ہیکل | مکاشفہ 21/22 |
| نئی روشنی | مکاشفہ 21/23-27 یسعیاہ 60/19-20 |
| نئی جنت | مکاشفہ 22/1-7 حزقی ایل 47/1,12 |

## سات پُرانی چیزیں جاتی رہیں

| | |
|---|---|
| کوئی سمندر نہ رہا | مکاشفہ 21/1 |
| پھر موت نہ رہی | مکاشفہ 21/4 |
| پھر غم جاتا رہا | مکاشفہ 21/4 |
| رونا نہ رہا | مکاشفہ 21/4 |
| درد نہ رہا | مکاشفہ 21/4 |
| لعنت نہ رہی | مکاشفہ 22/3 |
| رات نہ رہی | مکاشفہ 22/5 |

یہ جانتے ہوئے کہ یہ سب کچھ ایسے ہی ہے۔ ہم بھی مخلوقات کے ساتھ مل کر مسیح کے دن کا انتظار کرتے ہیں (رومیوں 8/18-25) ہم نے سنا کہ وہ کہتا ہے کہ میں جلد آنے والا ہوں، اور ہمیں پورے دل وجان سے اس کا جواب دینا ہے۔

## امتحانی موازنہ کیلئے ضرورت

امتحانی پرچہ میں کئی چوائس سوالات دیئے گئے ہیں، اور ان کو مکمل کرنا ہے۔


دیا گیا سوال نامہ ہمیں واپس دینا ضروری ہے۔

برائے مہربانی اپنی دی گئی جوابی کاپی پر سوال حل کریں

برائے مہربانی اپنے جوابی کاپی پر حرف X سے جواب کی نشاندہی کریں

برائے مہربانی A,B,C,D یا E

A صحیح کیلیئے، اور B غلط



# موازنہ کی شیٹ

## یہ شیٹ موازنہ اور ریکارڈ کیلیئے ہمارے دفتر بھیجنا ضروری ہے۔

## ٹریل بلیزر

## ٹونی سمیٹس بائبل کالج

## جوابی موازنہ کی شیٹ

تاریخ ____________ مضمون کا نام ____________

کیمپس کا نام ____________

طالبِ علم کا نام ____________

طالبِ علم کا پتہ ____________

برائے مہربانی اپنا جوابی باکس x کے ساتھ پُر کریں اگر آپ سے غلطی ہو جائے تو باکس پر کانٹا لگائیں

| | T A | F B | C | D | E | | T A | F B | C | D | E | | T A | F B | C | D | E | | T A | F B | C | D | E |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 26 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 51 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 76 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 2 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 27 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 52 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 77 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 3 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 28 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 53 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 78 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 4 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 29 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 54 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 79 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 5 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 30 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 55 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 80 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 6 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 31 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 56 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 81 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 7 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 32 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 57 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 82 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 8 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 33 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 58 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 83 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 9 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 34 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 59 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 84 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 10 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 35 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 60 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 85 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 11 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 36 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 61 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 86 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 12 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 37 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 62 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 87 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 13 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 38 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 63 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 88 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 14 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 39 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 64 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 89 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 15 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 40 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 65 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 90 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 16 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 41 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 66 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 91 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 17 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 42 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 67 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 92 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 18 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 43 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 68 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 93 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 19 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 44 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 69 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 94 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 20 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 45 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 70 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 95 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 21 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 46 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 71 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 96 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 22 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 47 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 72 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 97 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 23 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 48 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 73 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 98 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 24 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 49 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 74 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 99 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| 25 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 50 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 75 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | 100 | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

Total answer: ________ Marked By ____________

Total Incorrect answers ________ Date ____________

Percenatage correct ________ Entered into record. ____________

## سوال نامہ

ایک ہزار سالہ عرصہ کا سب سے اہم حصول کیا ہوگا؟

1 مسیح کو اس کے جلال میں دیکھنا اور اس پر ایمان لانا

2 پوری کا زمین اپنی دائمی بادشاہی میں ہوگی

3 انسان کا ایک موقع دیا جائے گا کہ امن اور خوشحالی میں زندگی گزارے، اور ہر چیز کا پورا فائدہ اٹھائے۔

4 بزرگوں کو جو جلال اور عزت کے لئے قید میں گئے موقع ہوگا

5 ہر کوئی دوسرے کو محبت کی تلقین کرے گا

کوہِ زیتون پر کیا ہوگا؟

6 یہ بڑھے اور اچھے زیتون پیدا کرنے شروع کردیگا

7 یہ یردن کی سلطنت کا حصہ بن جائے گا

8 یہ ایک زلزلے سے دو حصوں میں تقسیم ہو جائے گا۔

9 یہ جل جائے گا

10 یہ ختم ہو جائے گا اور آبادی میں تبدیل ہوگا۔

دوسرے پطرس 3/10 میں خداوند کے دن سے کیا مراد ہے۔؟

11 یہ وہ دن ہے جب بزرگوں کو عدالت ہوگی۔

12 یہ وہ دن ہے جب مسیح واپس آئیں گے۔

13 یہ ایک ہزار سالہ عرصہ ہے نہ کہ عام دن

14 یہ وہ دن ہوگا جب بے ایمانوں کی عدالت ہوگی

15 یہ دنیا کا آخر ہوگا۔

ہوا میں پہلے کون مسیح کا استقبال کریں گے؟

16 وہ جو زمین پر ہونگے اور بڑے ایماندار ہونگے

17 جو مسیح میں موئے ہونگے

18 تمام زندہ ایماندار اور جو پہلے سے آسمان میں آرام کر رہے ہیں

19 وہ یہودی جو مسیحی ہو جائیں گے

20 جو بڑے عرصہ سے مسیحی ہونگے

قوموں کی عدالت کہاں ہوگی؟

21 نیویارک میں اقوامِ متحدہ کو دفتر میں

22 یہوسفت کی وادی میں

23 آسمان میں عظیم سفید تخت کے سامنے

24 یروشیلم میں

25 بیتِ لحم میں

دوسری قیامت میں کون شریک ہونگے؟

26 جو مسیح میں موئے ہیں

27 ہر کوئی پہلی اور دوسری قیامت باترتیب ہوگی

28 جو پورا وقت ایماندار رہے ہونگے اور جو ہزار سالہ عرصہ میں ایماندار ہونگے

29 جو مسیح میں موئے ہیں

30 ہر سوائے انکے جن کی عدالت نوح کے طوفان میں ہوچکی

ہزار سالہ عرصے میں کلیسیا کے ساتھ کیا ہوگا؟

31 ہم آسمان میں ہونگے اور سب کچھ دیکھیں گے اور شادیانے بجائیں گے

32 ہم اپنی قبروں میں پڑے دوسرے قیامت کا انتظار کریں گے۔

33 ہم یروشیلم سے مسیح کے ساتھ بادشاہی کریں گے

34 ہم مسیح کے ساتھ ایک ہزار سال تک زمین پر بادشاہی کریں گے جب کہ ہمارا گھر آسمان پر ہوگا

35 ہم اپنی زندگی کو نارمل طریقہ سے گزاریں گے مگر بہتریں حالات میں

کیا جج کیا جائے گا جب ہم مسیح سے ملیں گے؟

36 مسیحی ہونے کے بعد ہمارے گناہ جو ہم نے کیے ہونگے

37 ہمارے اعمال

38 وہ چیزیں جنکی توبہ نہ ہوئی ہوگی

39 ہماری تمام زندگی اور زندگی گزارنے کا طریقہ

40 ہمارا ایمانداروں بےایمانوں کے ساتھ رویہ

کوئی حوالہ دیں جس سے خداوند کے جی اٹھنے کا پتہ چلتا ہو؟

41 مکاشفہ 1/13-17

42 لوقا 24 باب

43 لوقا 2/11-12

44 مرقس 20/8-10

45 یوحنا 21/1-12

کس تخت پر سے مسیح عدالت کرے گا؟

46 داؤد کے تخت سے

47 آسمان پر خدا کے تخت سے

48 یہ کوئی ظاہری تخت نہ ہو گا بلکہ وہ ہر جگہ حکومت کرے گا

49 بیجنگ سے

50 برطانیہ کے شاہی تخت سے

آخری عدالت کا مقصد کیا ہے۔؟

51 خدا ہر شخص کے احوال کو ظاہر کرنا چاہتا ہے۔

52 ہر شخص کے احوال کو آسمانی میزبانوں کے سامنے ظاہر کرنا اور خدا کے انصاف کو عمل میں لانا تاکہ ان کو آگ کی جھیل میں پھینکے

53 ہر شخص کی کمزوریوں کا ظاہر کرنا اس وقت اس کے پاس کوئی جواز نہ ہو گا

54 قائنات پر حکومت اور ہر برائی پر فتح

55 ہر شخص کے گناہ کو صاف کرنا، تاکہ وہ جنت میں داخل ہو سکیں

ایک فتح مند کلیساء ہونے کے کیا فوائد ہونگ بجائے اس کے کہ آپ اسرائیل قوم کا حصہ ہوں؟

56 تحریری طور پر اس کے بارے کچھ نہیں کہا گیا۔ کونکہ خدا طرف داری نہیں کرتا

57 کلیسیاء کا گھر آسمان پر جبکہ قوم بنی اسرائیل کا زمین پر۔

58 کلیسیاء اسرائیل کی حکومت کی طرف سے اور وہ سلطنت کرنے والی جماعت ہوگی

59 اسرائیل اپنے آپ پر جبکہ کلیسیاء دنیاء پر حکومت کرے گی۔

60 کلیسیاء زمین سے جبکہ اسرائیل آسمان سے حکومت کریگا

یوئیل نے کونسے دو مسیح کی دوبارہ آمد کے اثرات بیان کیے ہیں۔؟

61 یہ عظیم اور خوف ناک ہوگا، خوف ناک دنیا کے لئے اور عظیم کلیسیاء کے لئے

62 یہ ہر کسی کے لئے بہت بڑا اور شاندار ہوگا

63 زمین پر ایک بڑی تباہی اور غارت ہوگی

64 دنیا کی تمام حکومتیں فنا ہونگی، لیکن اچھے لوگ بچیں گے،

65 جھاڑ جھنکاڑ اور کانٹے ختم ہونگے اور زمین باغِ عدن کی طرح اچھے نتائج دی گی۔

کس حوالے میں شاگردوں کو بتایا گیا ہے کہ یسوع فرشتوں کے ساتھ واپس آئے گا

66 لوقا 1/26-33

67 2 تھسلنیکیوں 4/8

68 لوقا 24/1-7

69 اعمال 1/9-11

70 یوحنا 14/3

یوحنا 5/29 میں عذاب کی قیامت سے کیا مراد ہے۔؟

71 خداوند کا دن

72 ایمان داروں کی قیامت

73 ایمانداروں کی دوسری قیامت

74 دوسری قیامت

75 ہر کسی کی دوسری عدالت

فطرت پر خداوند کی واپسی کے کیا اثرات ہونگے؟

76 فطرت کی تمام چیزیں جل جائیں گی

77 لعنت ختم ہو جائے گی

78 زمین دوبارہ بحال کی جائے گا اور عدن کی طرح ہوگی

79 کوئی اثر نہ ہوگا ہر چیز اپنی اصل حالت میں رہے گی

80 آدمی اور درندے میں امن ہوگا زمین ہر کسی کے لئے بہت سی غذا پیدا کرے گی

اس کی آمد کا سب سے بہترین نشان کیا ہو گا؟

81 آبادی کا دھماکہ

82 درختوں پر نئی کونپلیں آئیں گی، اسرائیل کو اس کی جگہ میں بحال کیا جائے گا

83 زمین پر علم کی بھرمار ہوگی

84 اسلام میں انتہا پسندی کا آغاز

85 زمین کی آلودگی بڑھ جائے گی

کیا آپ ہزار سالہ عرصے کی ترتیب بیان کر سکتے ہیں؟

86 مسیح سر ہوگا اور یہودیوں پر بادشاہی کرے گا، اور یہودی کلیسیاء پر اور کلیسیاء قوموں پر

87 مسیح بادشاہ ہوگا، کلیسیاء لافانی بدن کے ساتھ مسیح کے تخت پر ہونگے، اور کلیسیاء قوموں پر حکومت کرے گی

89 کلیسیا مسیح کے ساتھ قوموں پر سلطنت کرے گی

90 کلیسیاء مسیح کے ساتھ غیر فانی بدن کے ساتھ اسرائیل re-united سلطنت پر حکومت کرے گی، اور باقی قوموں پر جو فانی بدن میں ہونگی جب تک پوری دنیا خداوند کے علم سے واقف نہ ہو جائے

ہزار سالہ عرصہ میں شیطان کے ساتھ کیا ہوگا؟

91 زمین سنسان کردی جائے گی، شیطان وہاں تنہا چھوڑ دیا جائے گا کلیسیاء آسمان پر اور بے ایمان زمین پر فنا کیے جایں گے۔

92 شیطان اتھا گھڑے میں باندھا جائے گا

93 شیطان ہر کسی کے ساتھ رہائی پائے گا

94 شیطان زمین پر باندھا جائے گا جہاں ہر کوئی اسے دیکھ سکے

95 شیطان یسوع کا خداوند تسلیم کرے گا اور توبہ کرے گا

کیا دوسری قیامت طبعی ہوگی؟

96 اس بارے کوئی نہیں جانتا بائبل اس کے بارے کچھ واضع نہیں کرتی

97 نہیں یہ ایک روحانی بات ہوگی

98 ہاں یسوع نے کہا کہ اس سے نہ ڈرو جو جسم کو مار سکتا ہے مگر اس سے ڈرو جو جسم اور روح دونوں کو فنا کر سکتا ہے

99 صرف روح ہی ہوگی جو دوسری قیامت میں شریک ہوگی

100 دوسری قیامت ظاہری نہ ہوگی بلکہ ہر کسی کے مرنے کے بعد ہوگی